© rasailojaraid.com



عینک فریبی

# زبان میری ہے بات اُن کی

- ❑ گوانتاناموبے جیل میں قیدیوں نے فوجیوں کے منہ پر تھوکا، پیشاب بھرے تھیلے اُن پر انڈیلے، کرسیاں تک ماری گئیں۔(یورپی یونین)
- ● تو اور تشدد کرنے والے فوجیوں کا منہ چومتے!
- ❑ کرپشن میں پولیس پہلے، واپڈا دوسرے اور انکم ٹیکس تیسرے نمبر پر ہے۔(ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل رپورٹ)
- ● انہیں گولڈ، سلور اور کانسی کے تمغوں سے نوازا جائے۔
- ❑ ایٹمی سائنسدان بنوں گا۔(طالب علم جہاں زیب)
- ● ڈاکٹر عبدالقدیر خان کا حوصلہ چاہیے۔
- ❑ شادی کے بغیر جوڑوں کا اکٹھے رہنا بے شرمی اور ذلت ہے۔(صدر انڈونیشیا)
- ● مگر یورپ میں تو یہی روشن خیالی، ترقی پسندی اور عزت ہے۔
- ❑ دینی مدارس میں جدید تعلیم ضروری ہے۔(صدر پرویز)
- ● کیا سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں دینی تعلیم ضروری نہیں؟
- ❑ اسلام اور اس کے مقدس مقامات کا احترام کرتے ہیں۔(امریکہ)
- ● مگر مسلمانوں کو کچل دیں گے!
- ❑ لندن: ۷ دھماکے ۵۰ ہلاک۔ ہزاروں زخمی (ایک خبر)
- ● کہ پریشاں کرنے والوں کو پریشاں ہم نے دیکھا ہے
- ❑ افغانستان میں روس ناکام ہوا۔ امریکی فوجی حالات کیسے کنٹرول کرلیں گے۔(شوکت سلطان)
- ● بلاتبصرہ!
- ❑ نواز شریف معاہدہ کرکے باہر گئے۔ غلط ثابت کرنے والے کو چار کروڑ روپے دوں گا۔(اعجاز الحق)
- ● سکرین ثابت کرنے والے کو نقد انعام!
- ❑ سزا کے بعد شیطان کو بھی جنت ملے گی (جسٹس (ر) جاوید اقبال)
- ● جو بات کی خدا کی قسم لاجواب کی!

---

© rasailojaraid.com